28-07-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

--------------------------------------------------------

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں 11 بجے آکاشوانی پر ’من کی بات‘ پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

2 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 9 ریاستوں میں گورنروں کی تقرری کی ہے۔ گلاب چند کٹاریہ کو پنجاب کا نیا گورنر، جبکہ سنتوش گنگوار کو جھارکھنڈ کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔

3 حکومت کے بنیادی ڈھانچہ پروجیکٹوں کیلئے زبردست مانگ کی وجہ سے سال 2030 تک ملک میں اسٹیل کی پیداوار 300 ملین ٹن کو پار کرجائے گی۔

4 پیرس اولمپکس میں بھارت کے مردوں کی ہاکی ٹیم نے نیوزی لینڈ کو 2 کے مقابلے 3 گول سے شکست دی، جبکہ بیڈمنٹن میں مردوں کے ڈبلز کے مقابلے میں چراغ شیٹی اور ستول سائراج رنکی ریڈی کی جوڑی نے فرانس کی جوڑی کو ہرایا۔

5 اور کرکٹ میں Pallekele کے مقام پر 3 میچوں کی ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے میزبان سری لنکا کو 43 رن سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM - Mann ki Baat

وزیراعظم نریندرمودی آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 112واں نشریہ ہوگا۔ جناب مودی کے لگاتار تیسری مدت کے لئے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ دوسرا پروگرام بھی ہوگا۔

یہ پروگرام آکاشوانی دوردرشن کے تمام تر نیٹ ورک، AIR نیوزکی ویب سائٹ اور نیوز آن AIR موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، PMO اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یو ٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر ہوگا۔ آکاشوانی یہ پروگرام ہندی نشریہ کے فوراً بعد علاقائی زبانوں میں بھی نشرکرے گا۔×

Prez - Governor Appointment

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے مختلف ریاستوں میں نئے گورنروں کی تقرری کی ہے۔ مہاراشٹر اسمبلی کے سابق اسپیکر Haribhau Kisanrao Bagde کو راجستھان کا گورنر، تریپورہ کے سابق نائب وزیر اعلیٰ Jishnu Dev Verma کو تلنگانہ کا گورنر، راجستھان سے سابق راجیہ سبھا رکن اوم پرکاش ماتھر کو

سکم کا گورنر، سابق مرکزی وزیر سنتوش کمار گنگوار کو جھارکھنڈ کا گورنر، آسام سے سابق لوک سبھا ایم پی Ramen Deka کو چھتیس گڑھ کا گورنر، کرناٹک کے سابق وزیر C H Vijayshankar کو میگھالیہ کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔ سی پی رادھا کرشنن جو کہ فی الحال جھارکھنڈ کے گورنر ہیں، انھیں مہاراشٹر کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔ اِسی طرح  گلاب چند کٹاریہ جو کہ آسام کے موجودہ گورنر ہیں، انھیں پنجاب کا گورنر اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقہ چنڈی گڑھ کا ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا گیا ہے۔ سکم کے موجودہ گورنر لکشمن پرساد آچاریہ کو آسام کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ انھیں منی پور کے گورنر کا اضافی چارج بھی دیا گیا ہے۔ سابق IAS آفیسر کے کیلاش ناتھن کو پڈوچیری کا لیفٹیننٹ گورنر بنایا گیا ہے۔×

PM Governing Council

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ”وکست بھارت @2047“ ہر بھارتی کی خواہش اور آرزو ہے۔ کَل نئی دلّی میں نیتی آیوگ کی گورننگ کونسل کی نویں میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ریاستیں اِس مقصد کو حاصل کرنے میں سرگرم رول ادا کرسکتی ہیں، کیونکہ وہ عوام سے براہ راست جڑی ہوئی ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ”وکست بھارت @2047“ کے خواب کو تمام ریاستوں کی مشترکہ کوششوں سے ہی پورا کیا جاسکتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ترقی یافتہ ریاستیں، ترقی یافتہ بھارت بنائیں گی۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت نوجوانوں کی کثیر آبادی والا ملک ہے۔ یہ اپنی افرادی قوت کے سبب پوری دنیا کیلئے ایک پُرکشش مقام ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ وکست بھارت @2047 کیلئے مہارت، تحقیق اور اختراع پر زور نیز روزگار پر مبنی معلومات ضروری ہیں۔×

Rev. BJP Meet

BJP کی حکمرانی والی ریاستوں کے وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ کی ایک میٹنگ کَل شام نئی دلّی میں BJP ہیڈکوارٹرس میں منعقد ہوئی۔ اِس میٹنگ میں وزیر اعظم نریندر مودی، BJP کے سربراہ جے پی نڈّا، وزیر داخلہ امت شاہ اور BJP کے دیگر سینئر رہنماؤں نے شرکت کی۔ جناب مودی نے وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ کے ساتھ وسیع تر معاملات پر تبادلہئ خیال کیا۔ لوک سبھا انتخابات اور مرکزی بجٹ کے پیش کئے جانے کے کچھ دن بعد یہ میٹنگ منعقد ہوئی۔ یہ میٹنگ وقفے وقفے سے باقاعدگی کے ساتھ منعقد ہوتی رہتی ہے۔ اِس میٹنگ کا مقصد ریاستوں میں اہم اسکیموں اور مرکزی حکومت کی فلاحی اقدامات کی فراہمی کا جائزہ لینا تھا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ انھوں نے BJP کے وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ کے ساتھ میٹنگ کی۔ انھوں نے کہا کہ پارٹی مزید بہتر حکمرانی اور عوام کی امنگوں کو پورا کرنے کیلئے مسلسل کام کررہی ہے۔×

Steel Production - India

حکومت کے بنیادی ڈھانچہ پروجیکٹوں کیلئے زبردست مانگ کی وجہ سے ملک میں اسٹیل کی پیداوار سال 2030 تک 300 ملین ٹن پار کرجانے کا امکان ہے۔ نئی دلّی میں بھارت چیمبر آف کامرس سے خطاب کرتے ہوئے اسٹیل کے سکریٹری ناگیندر ناتھ سنہا نے کہا کہ حکومت کے بنیادی ڈھانچہ پروجیکٹوں کے سبب اسٹیل کی موجودہ مانگ کافی زیادہ ہے اور اِس میں تقریباً 10 فیصد کے اضافے کا امکان ہے۔ جناب سنہا نے مزید کہا کہ مضبوط GDP کی شرحِ نمو نیز سرکاری اور نجی دونوں سیکٹروں کی جانب سے بنیادی ڈھانچے پر مسلسل زور کے دوران اسٹیل کی مانگ زیادہ رہے گی۔×

Income Tax - ITRs

انکم ٹیکس محکمے نے کہا ہے کہ موجودہ جائزہ سال کیلئے 5 کروڑ سے زیادہ انکم ٹیکس ریٹرنس داخل کئے گئے ہیں۔ پچھلے سال کے مقابلے اِس میں 8 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انکم ٹیکس محکمے نے کہا کہ اُسے صرف کَل 28 لاکھ سے زیادہ اِنکم ٹیکس ریٹرنس موصول ہوئے ہیں۔×

Delhi Coaching Flood

دلّی میں، اولڈ راجندر نگر کے ایک کوچنگ انسٹی ٹیوٹ کے بیسمینٹ میں شدید بارش کے سبب پانی بھر گیا جس میں 3 طلبہ کی موت ہوگئی۔ پولیس نے بتایا کہ بیسمینٹ میں پھنسے ہوئے کچھ طلبہ کو نکال لیا گیا ہے جن میں سے تین کو اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ پولیس نے ایک فوجداری

مقدمہ درج کرلیا ہے اور اس سے وابستہ دو افراد کو اب تک حراست میں لیاجا چکا ہے۔

دلی حکومت نے اس معاملے میں مجسٹریٹ کے ذریعے تحقیقات کا حکم دیا ہے۔

طلبہ نے کوچنگ انسٹی ٹیوٹ کے باہر مظاہرہ کیا۔ دلی میں BJP کے سربراہ ویریندر سچدیوا نے AAP سرکار کی نکتہ چینی کی ہے اور چھان بین کا مطالبہ کیا ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Jaishankar Japan

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر جاپان کے دو روزہ دورے پر آج صبح ٹوکیو پہنچ گئے ہیں۔ جاپان میں بھارت کے سفیر SIBI George نے ہوائی اڈے پر وزیر موصوف کا خیر مقدم کیا۔ اپنی جاپانی ہم منصب محترمہ

Yoko Kamikawa کی دعوت پر ڈاکٹر جے شنکر کل ہونے والیQuad وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کرنے کے لیے جاپان کا دورہ کر رہے ہیں۔ میٹنگ کے دوران بھارت، جاپان، امریکہ، اور آسٹریلیا کے وزرائے خارجہ پچھلے سال ستمبر میں امریکہ میں منعقدہ آخری میٹنگ کے دوران ہوئی بات چیت کے عمل کو آگے بڑھائیں گے اور بھارت بحرالکاہل خطے میں ترقی کے معاملے پر تبادلہ خیال کریں گے نیزQuad کے ذریعے کیے گئے اقدامات کی پیش رفت اور ورکنگ گروپ کا جائزہ لیں گے۔

جناب جے شنکر علاقائی اور بین الاقوامی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔×

Indian Navy

مشرقی بحریہ کے کمانڈر وائس ایڈمرل راجیش Pendharkar نے کَل INS Karanj کا دورہ کیا۔INS Karanj بھارتی بحریہ میں Scorpene Class کی تیسری آبدوز ہے۔

ایک سوشل میڈیا کی پوسٹ نے بھارتی بحریہ نے کہا کہ جناب Pendharkar نے مشرقی ساحل پر کامیابی کے ساتھ عملے کی تعیناتی کے بعد اُن سے بات چیت کی۔ مشرقی بحریہ کے کمانڈر نے Sunrise کمانڈ کی تمام آپریشنل سرگرمیوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے لیے عملے کی ستائش کی۔x

New Unesco Heritage Sites

نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں عالمی میراث سے متعلق کمیٹی کے 46ویں اجلاس میں اِس سال یونیسکو کی جانب سے عالمی میراث کی فہرست میں 25 نئے مقامات کو شامل کیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ کمیٹی کے ذریعے دو بڑی حدود میں ترمیم کو باضابطہ شکل دی گئی ہے۔ اِن میں سے، جاپان کے Sado Island Gold Mines، تھائی لینڈ کے Phu Phrabat Historical Park، جنوبی

افریقہ کے Nelson Mandela Legacy sites for Human Rights, Liberation and Reconciliation اٹلی کے Via Appia اور چین کے بیجنگ میں Central Axis سمیت 13 نئے مقامات کو کَل شامل کیا گیا ہے۔ 19 مقامات کو ثقافتی ورثے کی حیثیت سے، چار کو فطری زمرے کے تحت اور دو کو مکسڈ زمرے کے تحت شامل کیا گیا ہے۔

بھارت کے آسام سے Moidams کو کَل بھارت کے 43ویں عالمی میراث کے مقام کی حیثیت سے شامل کیا گیا ہے۔x

Trump Crypto Currency

امریکہ کے سابق صدر اور آئندہ صدارتی انتخابات میں ریپبلیکن پارٹی کے امیدوار ڈونالڈ ٹرمپ نے الیکشن جیتنے پر امریکہ کو کرہ ارض کی ایک کرپٹو کیپیٹل بنانے اور دنیا کا Bitcoin Superpower بنانے کا عزم کیا ہے۔ Nashville میں Bitcoin 2024 کانفرنس میں بات کرتے ہوئے سابق صدر نے اپنی انتظامیہ کے لیے کرپٹو کرنسی پالیسی کا خاکہ تیار کرنے کے لیے ایک مشاورتی کونسل مقرر کرنے کا بھی وعدہ کیا۔x

Venezuela Presidential Election

Venezuela میں نئے صدر کے انتخاب کے لیے آج پولنگ ہو رہی ہے۔ اپوزیشن پارٹیوں نے متحدہ طور پر ایک واحد امیدوار کو انتخابی میدان میں اتارا ہے جس کے سبب Venezuela کی برسراقتدار یونائٹیڈ سوشلسٹ پارٹی کو شدید چیلنج کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

حالیہ صدر Nicolas Maduro کے اصل حریف سابق سفارتکار Edmundo Gonzalez ہیں جو اپوزیشن کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ Maduro جو تیسری مدت کار کے خواہاں ہیں۔ جمعرات کے روز راجدھانی Caracas کی ایک مین سڑک پر قائم کیے گئے ایک بڑے اسٹیج سے اپنے حامیوں سے خطاب کرتے ہوئے انتخابی مہم کا اختتام کیا تھا۔x

IMD Rain

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج گجرات میں موسلا دھار بارش کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے علاوہ آج سوراشٹر اور کَچھ خطوں، مشرقی راجستھان، کیرالہ، ماہے اور ساحلی کرناٹک میں اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے، یہاں بے حد شدید بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، ودربھ، کونکن، گوا اور وسطی مہاراشٹر کے دور دراز علاقوں میں آج شدید بارش کا امکان ہے۔

اگلے چار دنوں میں ملک کے مشرقی اور شمال مشرقی حصوں میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی سطح کی بارش ہونے کی توقع ہے۔

ہماچل پردیش،اتراکھنڈ، مشرقی راجستھان، جموں و کشمیر، گلگت، بلتستان، مظفر آباد، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، اترپردیش، مغربی راجستھان میں اگلے چار دنوں میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی سطح کی بارش کا امکان ہے۔x

Olympics

پیرس اولمپکس میں کَل پہلے دن بھارتی کھلاڑیوں نے شاندار شروعات کی۔ خواتین کے 10 میٹر ایئر رائفل مقابلے میں منو بھاکر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

بھارت کے مردوں کی ہاکی ٹیم نے نیوزی لینڈ کو 2 کے مقابلے 3 گول سے شکست دی، جبکہ بیڈمنٹن میں مردوں کے ڈبلز کے مقابلے میں چراغ شیٹی اور ستول سائراج رنکی ریڈی کی جوڑی نے فرانس کی جوڑی کو ہرایا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

*Cut - Shakit-1 - 1 Min. 16 Sec.*

India Sri Lanka T-20

بھارت نے کَل پہلے بین الاقوامی T-20 میچ میں میزبان سری لنکا کو 43 رن سے ہرا دیا۔ یہ میچ کَل رات سری لنکا کے Pallekele بین الاقوامی اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ اِس جیت کے ساتھ بھارت کو تین میچوں کی سیریز میں ایک۔صفر سے سبقت حاصل ہوگئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

*V/C-Dr. Ahmed Muyeen Farooqi*

اس سیریز کا دوسرا T-20 بین الاقوامی میچ اِسی مقام پر آج شام سات بجے کھیلا جائے گا۔x

Women Asia Cup Final

خواتین ایشیا کپ ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ کے فائنل میں آج سہ پہر سری لنکا کے Rangiri Dambulla بین الاقوامی اسٹیڈیم میں دفاعی چمپئن بھارت کا مقابلہ میزبان سری لنکا سے ہوگا۔ ہرمن پریت کور کی قیادت میں بھارتی ٹیم 8ویں مرتبہ ایشیا کپ کا خطاب حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔ بھارت نے پورے ٹورنامنٹ میں بلے بازی اور گیند بازی دونوں شعبوں میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا ہے۔ بھارت کی سلامی بلے باز اسمرتی مندھانا اور شفالی وَرما بہترین فارم میں ہیں۔ دونوں ہی کھلاڑی مسلسل بہترین اسٹرائک ریٹ سے رَن بنارہی ہیں۔

دوسری طرف بھارتی گیند باز بھی کوئی کسر باقی نہیں چھوڑ رہی ہیں۔ دِپتی شرما 9وکٹ کے ساتھ ٹورنامنٹ کی سرکردہ وِکٹ حاصل کرنے والی کھلاڑی ہیں، جبکہ رینوکا سنگھ نے 7 وکٹ حاصل کئے ہیں۔×

<u>یہ تھی خبریں۔</u>

<u>PRESS COMMENTS</u>

<u>اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں:  مجیب اختر</u>

<u>شکریہ - آسیہ</u>

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے زیادہ تر اخبارات نے نیتی آیوگ کی کَل ہوئی میٹنگ کی خبر کو شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اِس اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ 2047 تک وِکست بھارت کا ہدف حاصل کیا جاسکتا ہے اور اِس کیلئے تمام ریاستوں کی مشترکہ کوشش ضروری ہے۔

پارلیمنٹ کا بنیادی کردار آئین اور جمہوریت کی حفاظت کرنا ہے۔ اِس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا اور پرتاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ نے راجیہ سبھا کے نو منتخب ارکان کیلئے واقفیت پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے اِس بات کا اظہار کیا۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کے ایک بیان کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے، جس میں انھوں نے کہا کہ مضبوط عدالتی نظام ترقی یافتہ بھارت کے عزم کی حقیقی بنیاد ہے۔ راجستھان ہائی کورٹ کے قیام کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے یہ بات کہی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے ایک اور خبر پر توجہ مرکوز کی ہے، جس میں مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے جموں میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کہا کہ سرکار دہشت گردی سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کیلئے نئی حکمتِ عملی پر کام کررہی ہے۔

جبکہ روزنامہ انقلاب اور راشٹریہ سہارا نے پیرس میں جاری اولمپک 2024 میں بھارتی خاتون نشانے باز منو بھاکر کے 10 میٹر ایئر پسٹل کے کوالیفائی مقابلے میں تیسرا مقام حاصل کرکے فائنل میں جگہ بنانے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

★★★

**<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>**

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں 11 بجے آکاشوانی پر ’من کی بات‘ پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

2 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 9 ریاستوں میں گورنروں کی تقرری کی ہے۔ گلاب چند کٹاریہ کو پنجاب کا نیا گورنر، جبکہ سنتوش گنگوار کو جھارکھنڈ کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔

3 حکومت کے بنیادی ڈھانچہ پروجیکٹوں کیلئے زبردست مانگ کی وجہ سے سال 2030 تک ملک میں اسٹیل کی پیداوار 300 ملین ٹن کو پار کرجائے گی۔

4 پیرس اولمپکس میں بھارت کے مردوں کی ہاکی ٹیم نے نیوزی لینڈ کو 2 کے مقابلے 3 گول سے شکست دی، جبکہ بیڈمنٹن میں مردوں کے ڈبلز کے مقابلے میں چراغ شیٹی اور ستول سائراج رنکی ریڈی کی جوڑی نے فرانس کی جوڑی کو ہرایا۔

5 اور کرکٹ میں Pallekele کے مقام پر 3 میچوں کی ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے میزبان سری لنکا کو 43 رن سے ہرایا۔

**اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔**

---------------------------------------